
اللہ کے سوا کوئی معبُود برحق نہیں ہے (اور) محمد ﷺ اللہ کے رسُول ہیں۔


There is no god but Allah and Muhammad
(p.b.u.h.) is the Prophet of Allah



www.islamicoccasions.com

پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا اور انسان کو
وہ باتیں بتائیں جن کا اس کو علم نہ تھا۔ سورۃ علق - ۳ تا ۵

Read, for your Lord is most beneficent, who taught by
the pen, taught man what he did not know.
Al-'Alaq -3,4,5




www.islamicoccasions.com

اے پروردگار مجھے زیادہ علم عطا کر۔ سورۃ طٰہٰ - ۱۱۴

'O Allah, give me greater knowledge.'

Ta Ha - 114




www.islamicoccasions.com

قسم ہے انجیر (کے درخت) کی اور زیتون (کے درخت) کی اور طور سینین کی اور اس
امن والے شہر (یعنی مکہ معظمہ) کی کہ ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچے میں ڈھالا ہے۔

سُورۃ تین - ۱ تا ۴

I call to witness the Fig and the Olive, the Mount, and this Soil Secure, that We created man of finest possibilities.

At-Tin - 1 to 4



www.islamicoccasions.com

(روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن (اوّل اوّل) نازل ہُوا جو
لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھُلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو)
الگ الگ کرنے والا ہے۔ تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو
چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے۔ سورة البقرة - ۱۸۵

Ramadan is the month in which the Qur'an was revealed as guidance to man and clear proof of the guidance, and criterion (of falsehood and truth). So when you see the new moon you should fast the whole month.

Al-Baqarah - 185



www.islamicoccasions.com


www.islamicoccasions.com

اس میں کھلی ہُوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی
جگہ ہے ۔ جو شخص اس (مبارک) گھر میں داخل ہُوا اس نے امن پالیا ۔ اور لوگوں پر
خدا کا حق (یعنی فرض) ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے ۔

سُورۃ آلِ عمران ۔ ۹۷

It contains clear signs, and the spot where Abraham had stood. And anyone who enters it will find security. And whosoever can afford should visit the House on a pilgrimage as duty to Allah.

Al- 'Imran - 97




مومنو! جب جُمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو خدا کی یاد (یعنی نماز) کے لئے جلدی
کرو اور (خرید و) فروخت ترک کردو، اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

سُورۃ الجُمعۃ - ۹

O you who believe, when the call to prayer is made on the day of congregation, hasten to remember Allah, putting aside your business. This is better for you if you can understand

Al-Jumu'ah 9





www.islamicoccasions.com

اگر ہم نے یہ قرآن کسی پہاڑ پر اُتار دیا ہوتا تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف
سے دبا جا رہا ہے اور پھٹا پڑتا ہے ۔ یہ مثالیں ہم لوگوں کے سامنے اس لئے
بیان کرتے ہیں کہ وہ غور کریں ۔ سورۃ حشر - ۲۱

If We had sent down this Quran on a mountain you would have seen it turn desolate and split into two for fear of Allah. We offer these examples to men that they may think and reflect.

Al-Hashr 21




www.islamicoccasions.com

بے شک ہم نے اپنے رُسولوں کو دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور عدل کی ترازو اُتاری تاکہ لوگ
انصاف پر قائم ہوں۔ سورۃ الحدید۔ آیت ۲۵

We have surely sent apostles with clear signs, and sent with them the Book and the balance, so that man may stand by justice;

(Al-Hadid–25)




And the heaven, He raised it high, and He made the balance that you may not be inordinate in respect of the measure. And keep up the balance with equity and do not make the measure deficient. (55:7-9)

www.islamicoccasions.com

اللہ عدل اور احسان اور صلہ رحمی کا حکم دیتا اور بدی و بے حیائی اور ظلم و زیادتی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمھیں نصیحت
کرتا ہے تاکہ تم سبق لو۔ سورۃ النحل - آیت ۹۰


Verily God has enjoined justice, the doing of good and the giving of gifts to your relatives; and forbidden indecency, impropriety and oppression. He warns you so that you may remember. (An-Nahl-90)



www.islamicoccasions.com

اور ہم نے تمہیں کُل جہان کے لئے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ سورۃ الانبیاء - آیت ۱۰۷

We have sent you as a benevolence to the creatures of the world.
(Al-Ambiya–107)



www.islamicoccasions.com

یٰسٓ ۔ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہُوا ہے ۔ (اے محمّدؐ) بے شک
تم پیغمبروں میں سے ہو ، سیدھے رستہ پر ۔ سُورۃ یٰسٓین ۔ ۱ تا ۴

YASIN - I call to witness the Quran, custodian of all laws, that you are indeed one of those sent on a path that is straight.

Yasin 1 - 4




www.islamicoccasions.com

اے ایمان والو جب تم ایک مقررہ مدت تک کسی دَین کا لین دین کرو تو اُسے لکھ لو اور چاہیئے کہ تمہارے

درمیان کوئی لکھنے والا ٹھیک ٹھیک لکھے ۔ سورۃ البقرہ - آیت ۲۸۲

O believers, when you negotiate a debt for a fixed term, draw up an agreement in writing, though better it would be to have a scribe write it faithfully down.

(Al-Baqarah–282)





www.islamicoccasions.com

اے ایمان والو ! اِنصاف کے عَلَم بردار بنو اور اللہ کے واسطے گواہی دو خواہ اُسکی
زد تمہارے اپنی ذات پر، تمہارے والدین یا تمہارے رشتہ داروں پر پڑتی ہو۔ فریقِ معاملہ
خواہ امیر ہو یا غریب۔ اللہ تم سے زیادہ اُن کا خیرخواہ ہے۔ سورۃ النساء ۱۳۵

O you who believe, be custodians of justice (and) witnesses for Allah, even though against yourselves or your parents or your relatives. Whether a man be rich or poor, Allah is his greater well-wisher than you.

An-Nisa 135



www.islamicoccasions.com


اللہ اور اس کے رسُول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑو نہیں ورنہ تمہارے اندر کمزوری پیدا
ہوجائیگی اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی ۔ صبر سے کام لو یقیناً اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے ۔

سُورۃ الانفال - ۴۶

Obey Allah and His Apostle, and do not disagree among yourselves or you will be unmanned and lose courage. Persevere, for Allah is with those who endure.

Al-Anfal 46






www.islamicoccasions.com

جو آسودگی اور تنگی میں (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصّے کو روکتے اور
لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے ۔
سورۃ آلِ عمران - ۱۳۴

Who expend both in joy and tribulation, who suppress their anger and pardon their fellowmen; and Allah loves those who are upright and do good.

Al- 'Imran - 134





www.islamicoccasions.com

مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرادیا کرو اور اللہ سے
ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے ۔ سورۃ الحجرات ١٠

The faithful are surely brothers; so restore friendship among your brothers, and fear Allah; you may haply be favoured.

Al-Hujurat - 10




www.islamicoccasions.com

کتنی ہی خطاکار بستیاں ہیں جن کو ہم نے تباہ کیا اور آج وہ اپنی چھتوں پر اُلٹی پڑی ہیں۔ کتنے ہی
کنوئیں بیکار اور کتنے ہی محل کھنڈر بنے ہوتے ہیں۔ کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ اُنکے دل
سمجھنے والے اور اُن کے کان سُننے والے ہوتے ؛ حقیقت یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں مگر وہ
دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔ سورۃ الحج ۴۵-۴۶

How many a habitation given to wickedness have We destroyed, whose roofs tumbled down, and now lie in ruins, how many a well abandoned and fortress reinforced! Have they not travelled in the land that they could have the heart to understand, and ears to hear? It is not the eyes alone that do not see, oblivious are the hearts within their breasts.

Al-Hajj 45-46



www.islamicoccasions.com

توہم نے سب کو اُن کے گُناہوں کے سبب پکڑ لیا۔ سو اُن میں کچھ تو ایسے تھے جن پر ہم نے
پتھروں کا مینہ برسایا۔ اور کچھ ایسے تھے جن کو چنگھاڑ نے آپکڑا اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے
زمین میں دھنسا دیا۔ اور کچھ ایسے تھے جن کو غرق کر دیا اور خُدا ایسا نہ تھا کہ اُن پر ظلم کرتا
لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔ سُورۃ العنکبوت ۴۰

And We seized all of them for their crimes. Against some
We sent a violent wind hurling stones, and some
We seized with a mighty blast, and some We submerged
under the earth, and some We drowned. It was not for
Allah to wrong them, they wrong ed themselves.
Al-'Ankabut 40




www.islamicoccasions.com

اے گروہ جن وانس اگر تمہیں قدرت ہو تو آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ۔ تو نکل جاؤ۔
اور (علم کے) زور کے سوا تو تم نکل سکتے ہی نہیں۔ سورۃ رحمٰن - ۳۳

O society of jinns and men, cross the bounds of the heavens and the earth if you have the ability, then pass beyond them; but you cannot unless you acquire the law.

Ar-Rahman - 33




www.islamicoccasions.com

اورتم اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں ۔ مگر زیادتی نہ کرو کہ
اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ۔ سورۃ البقرہ - ۱۹۰

Fight those in the way of Allah who fight you, but do not be aggressive; Allah does not like aggressors.

Al-Baqrah 190



www.islamicoccasions.com

اللہ (کی راہ) میں جہاد کرو جیسا جہاد کرنے کا حق ہے ۔ اُس نے تم کو برگزیدہ کیا ہے
اور تم پر دین (کی کسی بات) میں تنگی نہیں کی ۔ سورۃ الحج - ۷۸

Strive in the way of Allah with a service worthy of Him. He has chosen you and laid no hardship on you in the way of faith.

Al-Hajj -78




www.islamicoccasions.com

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو، ایسے لوگ تو حقیقت میں
زندہ ہیں مگر تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں ہوتا۔ سورۃ البقرہ-۱۵۴

Do not say that those who are killed in the way of Allah, are dead, for indeed they are alive, even though you are not aware.

Al-Baqarah - 154








www.islamicoccasions.com

وہی ہے جس نے سورج کو اجیالا بنایا اور چاند کو چمک دی اور چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کی
منزلیں ٹھیک ٹھیک مقرر کر دیں تاکہ تم اس سے برسوں اور تاریخوں کے حساب معلوم کرو۔
سورۃ یونس - ۵

It is He who gave the sun its radiance, the moon its lustre, and appointed its stations so that you may compute years and numbers.

Yunus - 5





www.islamicoccasions.com

پردہ شب کو چاک کر کے وہی صبح نکالتا ہے، اُسی نے رات کو سکون کا وقت بنایا ہے ۔
اُسی نے چاند اور سُورج کے طلوع و غروب کا حساب مقرر کیا۔ سُورۃ الانعام ۹۶

He ushers in the dawn, and made the night for rest,
the sun and moon a computation. Such is the
measure appointed by Him.

Al-An'am -96





www.islamicoccasions.com

وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس کے ذریعے سے ہر قسم کی نباتات اُگائی پھر
اس سے ہرے ہرے کھیت اور درخت پیدا کئے پھر اُن سے تہہ بہ تہہ جُڑے ہوئے دانے
نکالے پھر کھجور کے شگوفوں سے پھلوں کے گچھے پیدا کئے جو بوجھ کے مارے جُھکے پڑتے ہیں اور
انگور اور زیتون اور انار کے باغ لگائے جن کے پھل ایک دوسرے سے ملتے جُلتے بھی ہیں اور
ہر ایک کی خصوصیات الگ الگ بھی ہیں۔

سورۃ الانعام ۹۹

It is He who sends down water from the skies, and brings out of it everything that grows, the green foliage, the grain lying close, the date palm trees with clusters of dates, and the gardens of grapes, and of olives and pomegranates, so similar yet so unlike.

Al-An'am- 99




www.islamicoccasions.com

دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والا اللہ ہے ۔ وہی زندہ کو مُردہ سے نکالتا ہے اور وہی مُردہ
کو زندہ سے نکالتا ہے ۔ یہ سارے کام کرنے والا تو اللہ ہے ۔ سُورۃ الانعام - ۹۵

Indeed it is Allah who splits up the seed and the kernel, and brings forth the living from the dead, the dead from the living. This is Allah.

Al-An'am 95




www.islamicoccasions.com

اور دیکھو تمہارے رب نے شہد کی مکھی پر یہ بات وحی کر دی کہ پہاڑوں میں اور
درختوں میں اور ٹٹیوں پر چڑھائی ہوئی بیلوں میں اپنے چھتے بنا اور ہر طرح کے پھلوں
کا رس چوس اور اپنے رب کی ہموار کی ہوئی راہ پر چلتی رہ۔ اس مکھی کے اندر سے
رنگ برنگ کا شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کے لئے شفا ہے۔

سورۃ نحل - ۶۸ - ۶۹

Your Lord predisposed the bees to make their hives in mountains, trees and trellices. And suck from all the fruits and flit about the trodden paths of their Lord. A drink of various hues comes out of their bellies which contains medicine for men.

An-Nahl 68-69





www.islamicoccasions.com

www.islamicoccasions.com

جن لوگوں نے خدا کے سوا (اوروں کو) کارساز بنا رکھا ہے اُن کی مثال مکڑی کی سی
ہے کہ وہ بھی ایک طرح کا گھر بناتی ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ تمام گھروں سے کمزور مکڑی
کا گھر ہے۔ کاش یہ اس بات کو جانتے   سورۃ العنکبوت - ۴۱

The semblance of those who take protectors besides Allah is that of the spider. She arranges a house for herself, but the flimsiest of houses is the spider's. If only they had sense!

Al-'Ankabut 41




اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہُوا
کرو، جب تک کہ گھر والوں کی اجازت نہ لے لو اور گھر والوں پر سلام نہ بھیج لو۔
یہ طریقہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ توقع ہے کہ تم اس کا خیال رکھو گے۔

سورۃ نور - ۲۷

O you who believe, do not enter other houses except yours without first asking permission and saluting the inmates. This is better for you: You may haply take heed.

An - Nur 27



www.islamicoccasions.com

زمین پر اکڑ کر نہ چلو۔ تم نہ زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ پہاڑوں کی بلندی کو پہنچ سکتے ہو

سورۃ بنی اسرائیل - ۳۷

And do not strut about the land with insolence : Surely you cannot cleave the earth, nor reach the height of the mountains in stature.

Bani Isra'il - 37



www.islamicoccasions.com

والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو اور اگر تمہارے پاس اُن میں سے کوئی ایک یا دونوں
بوڑھے ہو کر رہیں تو اُنہیں اُف تک نہ کہو نہ اُنہیں جھڑک کر جواب دو بلکہ اُن سے احترام
کے ساتھ بات کرو۔ سورۃ بنی اسرائیل ۲۴

If one or both of them grow old in your company, do not say fie to them, nor reprove them, but say gentle words to them and be affectionate with them out of kindness, and say "O Lord, have mercy on them as they nourished me when I was small."

Bani Isra'il 24



www.islamicoccasions.com

اور نماز ادا کرتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور جو بھلائی اپنے لئے آگے بھیج رکھو گے اس کو
اللہ کے ہاں پالو گے ۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ۔

سورۃ البقرۃ - ۱۱۰

Be firm in devotion, and pay the zakat. And what you send ahead of good you will find with Allah, for He sees all that you do.

Al-Baqarah - 110




www.islamicoccasions.com

جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اُن کے خرچ کی مثال ایسی ہے ۔
جیسے ایک دانہ بویا جائے اور اس سے سات بالیں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں ۔
اس طرح اللہ جس کے عمل کو چاہتا ہے افزونی عطا کرتا ہے ۔ سورۃ بقرۃ - ۲۶۱

The semblance of those who expend their wealth in the way of Allah is that of a grain of corn from which grow seven ears, each ear containing a hundred grains. Truly Allah increases for whomsoever He will.

Al-Baqarah 261




www.islamicoccasions.com

اور ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور نہ اس کو (رشوۃً) حاکموں کے پاس پہنچاؤ
تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ ناجائز طور پر کھا جاؤ اور (اسے) تم جانتے بھی ہو۔

سورۃ البقرۃ - ۱۸۸

And do not consume each other's wealth in vain, nor offer it to men in authority with intent of usurping unlawfully and knowingly a part of the wealth of others.

Al-Baqarah - 188



www.islamicoccasions.com

اے بنی آدم ۔ ہر عبادت کے موقع پر اپنی زینت سے آراستہ رہو اور کھاؤ پیو اور حد سے تجاوز
نہ کرو ۔ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ سورۃ اعراف ۔۳۱

O sons of Adam, attire yourselves at every time of worship; eat and drink, but do not be wasteful, for Allah does not like the prodigals.

Al-A'raf 31




www.islamicoccasions.com